A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# ماڈل پیپر اُردو گریڈ 5

## عمومی ہدایات

1) طلباء وطالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پر نشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں وگرنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہوسکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں۔نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے۔اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہو گا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہوگا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا ہے**۔ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1۔ فعل کے اعتبار سے زمانے کی اقسام ہیں۔

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| Q.1 | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

Result.pk

## حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات)

**وقت: 1 گھنٹہ**

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر لگانا ضروری ہے۔**

**سوال نمبر 1۔ "راج" کے معنی ہیں۔**

(a) حکومت (b) فوج (c) بادشاہ (d) رعایا

**سوال نمبر 2۔ "ٹکڑا" کی جمع ہے۔**

(a) ٹکڑات (b) ٹکڑے (c) ٹکڑیوں (d) ٹکڑ

**سوال نمبر 3۔ "سنار" کی مونث ہے۔**

(a) سناری (b) سنارن (c) سنہری (d) سواری

**سوال نمبر 4۔ "فیضان سکول جاتا تھا" اس فقرہ میں استعمال ہونے والا فعل کہلاتا ہے۔**

(a) فعل ماضی (b) فعل حال (c) فعل مستقبل (d) فعل امر

**سوال نمبر 5۔ درست املا والا جملہ کون سا ہے؟**

(a) شاہی قلعہ بہت کدیم ہے۔ (b) شاہی قلعہ بہت قدیم ہے۔

(c) شاہی کلعہ بہت قدیم ہے۔ (d) شاہی کلعہ بہت کدیم ہے۔

**سوال نمبر 6۔ "شگوفے" کے معنی ہیں۔**

(a) درخت (b) پودے (c) پھول (d) کونپلیں

**سوال نمبر 7۔** لفظ "عیاں" کا معنی ہے۔

(a) ماہر (b) طاہر (c) ظاہر (d) قہر

**سوال نمبر 8۔** مندرجہ ذیل میں سے "فعل حال مطلق" کا جملہ کون سا ہے؟

(a) حیدر سکول جاتا ہے (b) حیدر سکول جائے گا (c) حیدر سکول جا رہا ہے (d) حیدر سکول جاتا تھا

**سوال نمبر 9۔** صحیح الفاظ اور ان کی صحیح ترتیب والا جملہ ہے۔

(a) پناہ مانگنی چاہیے حسد سے حاسدوں کے (b) حصد سے پناہ مانگنی چاہیے حاسدوں کے

(c) حاسدوں کے حسد سے پناہ مانگنی چاہیے (d) ہاصدوں کے صد سے پناہ مانگنی چاہیے

**سوال نمبر 10-** درج ذیل میں سے کون سا جملہ درست ہے؟

(a) لڑکوں نے کام کرلیں ہیں (b) لڑکوں نے کام کر لیئے ہیں

(c) لڑکوں نے کام کیئے ہیں (d) لڑکوں نے کام کرلیا ہے

**سوال نمبر 11-** درج ذیل میں سے اسم صفت والی فہرست ہے۔

(a) روشن آسمان، سیاہ بادل، بارش (b) موسلا دھار بارش، بادل، سورج

(c) گرم سورج، ٹھنڈی ہوا، چمکتے تارے (d) سیاہ رات، بادل، روشن دن

**سوال نمبر 12-** مترادف الفاظ کی فہرست کی نشاندہی کریں۔

(a) محبت، شفقت، اُنس (b) دوستی، دشمنی، محبت (c) جدوجہد، مشقت، آرام طلبی (d) تمنا، آرزو، منزل

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 13، 14، 15 اور 16 کے صحیح جوابات پر نشان لگائیں۔**

کوئٹہ کی ہوا میں یہ تاثیر ہے کہ اس سے گرمیوں میں بھی گھڑوں اور صراحیوں کا پانی برف کے پانی کی طرح ٹھنڈا رہتا ہے، جاڑے کا موسم نہایت سرد ہوتا ہے اس موسم میں نلکوں کا پانی جم جاتا ہے لوگ نلکوں کے نیچے آگ جلا کر برف کو پگھلاتے ہیں تو پانی باہر آجاتا ہے، سردیوں میں لوگ عام طور پر پانی گرم کر کے پیتے ہیں یہاں ستمبر سے دسمبر تک سخت سردی پڑتی ہے کبھی کبھی تو درجہ حرارت نقطۂ انجماد سے بھی بیس پچیس درجے کم ہو جاتا ہے ان دنوں میں لوگ عام طور پر گرم پانی کی بوتلیں پیروں کے نیچے رکھ کر سوتے ہیں۔

کوئٹہ انگوروں کا گھر ہے۔ آس پاس کے علاقوں کے انگور یہاں آکر بکتے ہیں۔ انگوروں کی یوں تو بہت سی قسمیں ہیں لیکن صاحبی اور سُندرخانی خاص طور پر مشہور ہیں۔ صاحبی انگور تو اتنا نازک ہوتا ہے کہ کوئٹہ سے باہر کم ہی بھیجا جاتا ہے۔ اس کا رنگ عموماً گلابی ہوتا ہے اور اس کے گچھوں کو دیکھ کر یوں لگتا ہے کہ کسی نے گل دستہ بنا دیا ہے۔ سُندرخانی انگور بہت خوش ذائقہ ہوتا ہے یہ انگلی کے پور کی طرح لمبا ہوتا ہے اور دوسرے انگوروں کے مقابلے میں مہنگا بکتا ہے۔

Result.pk

**سوال نمبر 13-** درج بالا پیراگراف کا عنوان ہے۔

(a) اہلِ پنجاب (b) پھلوں کی وادی، کوئٹہ (c) سردی کا موسم (d) عقل مند بوڑھا

**سوال نمبر 14-** صاحبی انگور سے متعلق صحیح ترین جملہ ہے۔

(a) صاحبی انگور نازک، کالا اور انگلی کے پور کی طرح لمبا ہوتا ہے

(b) صاحبی انگور خوش ذائقہ، لمبا اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے

(c) صاحبی انگور نازک، گلابی اور گل دستے کی طرح گچھے دار ہوتا ہے

(d) صاحبی انگور لمبا، گلابی اور خوش ذائقہ ہوتا ہے

**سوال نمبر 15-** "نقطۂ انجماد" سے متعلق درست جواب ہے۔

(a) کم درجہ حرارت، پانی اُبلنے لگے، آگ جلا کر ٹھنڈا کریں

(b) بہت کم درجہ حرارت، پانی برف بن جائے، آگ سے پگھلائیں

(c) کم درجہ حرارت، پانی بخارات بن کر اڑ جائے، گرم پانی کی بوتل کا استعمال

(d) زیادہ درجہ حرارت، نلکوں کے نیچے آگ جلائیں، پانی جم جائے

**سوال نمبر 16-** **پیراگراف کو مدِنظر رکھتے ہوئے کوئٹہ سے متعلق صحیح معلومات والے الفاظ ہیں۔**

(a) نقطۂ انجماد سے کم درجہ حرارت، گرم پانی پینا، کوئٹہ انگوروں کا گھر
(b) گرم آب و ہوا، سردپانی، پھلوں کی کمیابی، ستمبر تا دسمبر شدید گرمی
(c) صاحبی انگور، انگلی کی پور، خوش ذائقہ، گلدستہ کی طرح گچھے
(d) پانی کی ٹھنڈی بوتلیں، گرم بستر، انگوروں کے گچھے، پھلوں کی دستیابی

**سوال نمبر 17-** **"تندرستی" کا متضاد ہے۔**

(a) صحت (b) بیماری (c) طاقت (d) تکلیف

**سوال نمبر 18-** **"ذرے ہیں تیری خاک کے غازہ میرے لیے" اِس مصرع کا مفہوم ہے۔**

(a) وطن کی مٹی میرے چہرے کا حسن بڑھاتی ہے (b) وطن کی مٹی سے میرا چہرہ مٹی سے بھر جاتا ہے
(c) وطن کی مٹی میرے لیے محض خاک ہے (d) خاک کے ذرے میرے چہرے پر ہیں

☆ **درج ذیل اشعار کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات نمبر 19، 20، 21، 22 اور 23 کے درست جوابات پر نشان لگائیں۔**

ماں باپ کا عزیزو ! مانا نہ جس نے کہنا — دُشوار ہے جہاں میں عزت سے اُس کا رہنا
ڈر ہے پڑے نہ صدمہ ذلت کا اِس کو سہنا — چاہو اگر بڑائی ، کہنا بڑوں کا مانو
دنیا میں کی جنھوں نے ماں باپ کی اطاعت — دُنیا میں پائی عزت ، عقبیٰ میں پائی راحت
ماں باپ کی اطاعت ہے دوجہاں کی دولت — چاہو اگر بڑائی ، کہنا بڑوں کا مانو
تم کو نہیں خبر کچھ اپنے بُرے بھلے کی — جتنی ہے عمر چھوٹی اتنی ہے عقل چھوٹی
ہے بہتری اسی میں جو ہے بڑوں کی مرضی — چاہو اگر بڑائی ، کہنا بڑوں کا مانو

Result.pk

**سوال نمبر 19-** **مندرجہ بالا اشعار جس نظم سے لیے گئے ہیں اس کا نام ہے۔**

(a) ایک آرزو (b) ایک مکڑا اور مکھی (c) کہنا بڑوں کا مانو (d) محمود غزنویؒ اور بڑھیا

**سوال نمبر 20-** **مصرع "دُشوار ہے جہاں میں عزت سے اُس کا رہنا" سے مراد ہے۔**

(a) بڑوں کا کہنا نہ ماننے سے دُنیا میں عزت حاصل کرنا مشکل ہے
(b) کہنا بڑوں کا ماننے سے دُنیا میں ذلت و رُسوائی ملتی ہے
(c) دُنیا میں بہت سی تکالیف، پریشانیاں انسان کو ملتی ہیں
(d) خود اعتمادی کی کمی پیدا ہوتی ہے اور اُسے عزت بھی نہیں ملتی

**سوال نمبر 21-** **شاعر نے "دو جہاں کی دولت" کس کو قرار دیا ہے؟**

(a) محنت مشقت کرنا، ہمسائے کو آرام دینا، بڑا مقام حاصل کرنا
(b) بڑوں کا کہنا مان کر اچھے کام کرنا، دنیا اور آخرت کی کامیابی ملنا
(c) استاد کا کہنا مان کر ہم جماعت کی بڑائی کرنا، بڑے کام کرنا
(d) عفو و درگزر سے کام لینا، راہِ راست پر چلنا، بُرے لوگوں سے دُور رہنا

**سوال نمبر 22-** **اِس نظم سے سبق ملتا ہے کہ۔**

(a) ماں باپ کی عزت کرنے سے سکون نہیں، عزت نہیں، آرام نہیں
(b) ماں باپ کی اطاعت، آخرت میں سکون، دنیا میں عزت و کامیابی کا سبب
(c) رُسوائی کا خوف، آخرت میں ناکامی، دنیا میں عزت
(d) مرتے وقت پُرسکون، دُنیا کے دُکھ دُور، مصیبت میں آرام ملنا

**سوال نمبر 23-** مندرجہ بالا نظم کا مرکزی خیال ہے۔

(a) کم عمر و کم عقل، ذلت کا سامنا، عزت و سکون ثروت و خوشی کا حصول ناممکن

(b) دولت کی کمی، بڑا مقام حاصل نہ ہونا، غریب دوست رشتے دار، عزت و سکون

(c) بڑوں کی مرضی میں بہتری، بڑوں کی اطاعت، رحمتِ خداوندی، دنیا و آخرت میں سکون

(d) بڑوں کی عقل، اُستاد کا غصہ، زندگی کی مشکلیں، دنیا میں ناکامی و نامرادی

**سوال نمبر 24-** دیئے گئے مصرعہ کو نیچے دیئے ہوئے دو درست الفاظ کی مدد سے مکمل کریں۔

**چڑیوں کو یہ ________ کی ________ کہاں رہے۔**

(a) روشنی، ضرورت　　(b) فضا، گرمی

(c) اُڑان، طاقت　　(d) سورج، تاب

**سوال نمبر 25-** درج ذیل میں سے کون سا جملہ درست ہے؟

(a) قراردادِ پاکستان انگریزوں کی سیاسی جدوجہد میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے

(b) قراردادِ پاکستان مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے

(c) قراردادِ پاکستان ہندوؤں کی سیاسی جدوجہد میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے

(d) قراردادِ پاکستان سکھوں کی سیاسی جدوجہد میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے

**سوال نمبر 26-** درج ذیل میں سے اسم معرفہ والی فہرست کی نشاندہی کریں۔

(a) میز، کرسی، پنکھا　　(b) ملتان، کراچی، فیصل آباد

(c) پھول، تازہ، خوبصورت　　(d) مدرسہ، کتاب، میز

**سوال نمبر 27-** درج ذیل میں سے "فعل مستقبل" کا جملہ کون سا ہے؟

(a) وہ کھانا کھا رہا تھا　　(b) وہ کھانا کھائے گا

(c) اس نے کھانا کھایا　　(d) وہ کھانا کھا رہا ہے

**سوال نمبر 28-** سبق "عفو و درگزر" کا مرکزی مفہوم یہ ہے کہ عفو و درگزر سے ممکن ہے۔

(a) دنیاوی آسائشوں کا حصول، مال و دولت کا حصول، اللہ کی رضا کا حصول

(b) معاشرے میں بے چینی، معاشرے میں بے سکونی، معاشرے میں راحت

(c) معاشرے میں امن و سلامتی، کاروبار میں ترقی، اچھی تعلیم کا موقع

(d) اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول، معاشرے میں امن و سلامتی، حسد و عناد کا خاتمہ

**سوال نمبر 29-** "اِس نے کھانا کھایا" اِس فقرے میں فعل شناخت کریں۔

(a) اِس　　(b) نے　　(c) کھانا　　(d) کھایا

**سوال نمبر 30-** موزوں لفظ لگا کر ذیل کا محاورہ مکمل کریں۔

**دودھ کا جلا ________ بھی پھونک پھونک کر پیتا ہے۔**

(a) چائے　　(b) چھاچھ　　(c) کافی　　(d) شربت

Result.pk